تمہارے لئے دو مردار اور دو قسم کے خون حلال کئے گئے ہیں۔ رہے دو مردار تو وہ مچھلی اور ٹڈی ہیں، جب کہ دو قسم کے خون جگر اور تلی ہیں۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”تمہارے لیے دو مردار اور دو قسم کے خون حلال کئے گئے ہیں۔ رہے دو مردار تو وہ مچھلی اور ٹڈی ہیں، جب کہ دو قسم کے خون جگر اور تلی ہیں“۔

[صحیح] [اسے ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک فقہی حکم شرعی بیان کررہے ہیں جس کا تعلق بعض اشیاء کے کھانے کی حلت سے ہے ان میں سے ایک تو مردے ٹڈی اور مردے مچھلی کےکھانے کو حلال قرار دینے کے بارے میں ہے جبکہ دوسرا: دو قسم کے خون کے کھانے کے جائز ہونے سے متعلق ہے اور وہ دونوں جگر اور تلی ہیں۔ یہ دونوں حکم مردار اور خون کھانے کی حرمت سے مستثنی ہیں۔

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8362